ناشر مکتبہ دانش دیوبند، یوپی

دارالعلوم کے اجلاس صد سالہ کے موقع پر دارالعلوم کے سلسلہ میں بہت سے تعارفی مضامین کتابچے جرائد اور رسائل کے خصوصی شمارے شائع ہوئے۔ انہی میں مولانا محمد اسلام صاحب کی یہ کتاب بھی شامل ہے جس میں بہت سے عنوانات کے تحت دارالعلوم اور اس سے متعلق اہم شخصیات و حالات کا مختصراً تعارف کرایا گیا ہے۔ اور ساتھ ہی اجلاس کے کوائف بھی شامل کئے گئے ہیں۔ دارالعلوم کی تاریخ و اجلاس صد سالہ کے حالات کو جو اصحاب تفصیل سے پڑھنے اور سمجھنے کا وقت نہ نکال سکتے ہوں ان کے لئے اس کتاب کا مطالعہ دلچسپ ہوگا۔ بہتر ہوتا کہ مرتب کتاب اپنے مواد کے جملہ ماخذ کا حوالہ دے دیتے۔

کتاب کا طویل نام بجائے خود محل نظر ہے۔ اور اس میں بھی اگر "سفرنامہ" کے بجائے صرف "سفر" پر اکتفا کی جاتی تو زیادہ بہتر ہوتا۔

"دارالعلوم کی ایک صدی کا علمی سفر" کتاب کے صرف ۶۵ صفحات میں کس طرح ممکن ہو سکا! یہ پڑھنے کے بعد ہی معلوم ہو سکتا ہے۔ کیونکہ باقی ۸۱ صفحات میں اجلاس صد سالہ وغیرہ سے متعلق معلومات مہیا کی گئی ہیں۔ (م ع)

"خدا بخش لائبریری جرنل"

مجلس ادارت: قاضی عبدالودود صاحب، (چیرمین) سید حسن عسکری، افسر الدولہ ضیاء الدین حیدر اور عابد رضا بیدار (سیکریٹری)

سائز ۲۲×۱۸ کاغذ عمدہ۔ کتابت و طباعت متوسط۔ قیمت فی شمارہ ۵ روپے

ناشر:- خدابخش اورنٹیل لائبریری پٹنہ

پٹنہ کی خدا بخش اورینٹل لائبریری بین الاقوامی شہرت کی حامل ہے۔ نہ صرف ہندو پاکستان بلکہ دنیا بھر کے وہ اسکالر جو مشرقی علوم سے متعلق موضوعات پر ریسرچ کرتے ہیں